بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# امین احسن اصلاحی

رحمان آباد، ڈاک خانہ مانگٹ
براستہ خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ


حوالہ نمبر:
تاریخ:

مکرمی! سلام و رحمۃ۔ عنایت نامہ موصول ہوا۔ مولانا رومؒ کے کلام کا ایک مجموعہ
پچھلے دنوں دائرہ حمیدیہ نے شائع کیا ہے۔ مجھے انھوں نے بھیجا ہوگا لیکن میری
مشکل یہ ہے کہ میرے پاس سے لوگ چیزیں پڑھنے کے لیے لے جاتے ہیں اور پھر
واپس کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ لوگوں کو میرے حافظہ کی کمزوری
کا علم ہے۔

مولانا رومؒ کے حالات کے باب میں مناسب شکل یہ ہوگی کہ آپ سوالات
نوٹ کر کے بھیج دیں۔ مجھے جو باتیں معلوم ہوں گی وہ فرصت کے اوقات میں
قلم بند کرتا رہوں گا۔
میری اہلیہ علاج کے لیے لاہور گئی ہوئی ہیں۔ فروری میں ہی ایک ہفتہ کے لیے
مجھے بھی جانا پڑے گا۔ میں آپ کو اطلاع کر دوں گا۔ وہاں آپ مسودات
کا بھی ایک سرسری جائزہ لے سکیں گے اور امید ہے کہ دائرہ کی چھاپی
ہوئی چیزیں بھی مل جائیں۔

والسلام
امین احسن اصلاحی

۱۹ر جنوری ۸۱ء